# ATTOCK CEMENT PAKISTAN LIMITED

D-70, Block - 4, Kehkashan - 5, Clifton, Karachi - 75600 Ph: (021) 35309773, 35309774 Fax: 35309775

## Notice of the Forty-seventh (47th) Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 47th Annual General Meeting of Attock Cement Pakistan Limited (**the "Company"**) will be held on Tuesday, September 22, 2026 at 11:00 hours at Marriott Hotel, Karachi and also through video link to transact the following:

**Ordinary Business**

1. To receive, consider and adopt the annual audited accounts of the Company for the year ended June 30, 2026 together with the Reports of Auditors and the directors thereon.
2. To appoint the auditors for the financial year 2026-27 and to fix their remuneration.

**Special Business**

3. To consider and pass with or without modification the resolution proposed herein below as a special resolution for the alteration of the Memorandum of Association of the Company and change of its registered office from the Province of Sindh to the Province of Punjab.

   **Quote:** "**RESOLVED THAT** subject to completion of the applicable statutory requirements and receipt of all requisite approvals and confirmations, the registered office of the Company be shifted from the Province of Sindh to the Province of Punjab and the relevant clause of the Memorandum of Association of the Company be and is hereby altered as follows:

   **"II. The Registered Office of the Company will be situated in the province of Punjab."**

   **FURTHER RESOLVED THAT** upon completion of the applicable statutory requirements, the registered office of the Company be shifted from D-70, Block-4, Kehkashan-5, Clifton, Karachi, Sindh to Fauji Towers, 68 Tipu Road, Rawalpindi, Punjab.

   **FURTHER RESOLVED THAT** Mr. Omer Ashraf, Chief Executive Officer and / or Mr. Irfan Amanullah, Company Secretary be and are hereby authorised, jointly and/or severally, to file all requisite petitions, forms and other documents with the Securities and Exchange Commission of Pakistan and/or any other relevant authority, and to do all acts, deeds and things necessary or incidental for giving effect to this resolution." **Unquote**

**Any other Business**

4. To transact any other business with permission of the Chairman.

A Statement of Material Facts covering the above-mentioned Special Business, as required under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 read with S.R.O. 423(I)/2018 dated April 03, 2018, is attached with this notice."

By Order of the Board

Karachi: **IRFAN AMANULLAH**
September 01, 2026 Company Secretary

**Participation in Annual General Meeting (AGM) through electronic means:**

The shareholders intending to participate in the meeting via video link are hereby requested to share following information for obtaining video link and login credentials, with the office of the Company Secretary (modes of communication are mentioned below) at earliest but not later than 48 hours before the time of the AGM i.e. before 11: 00 a.m. on Sunday, September 20, 2026.

**Required information:**

Shareholder's Name, CNIC Number, Folio/CDC Account No., Active Mobile Phone Number and Email address for timely communication.

**Modes of Communication:**

a) Mobile/WhatsApp: 0308-0972181

b) Email: 47agm@attockcement.com

**Notes:**

1. The Register of members and share transfer books of the Company will remain closed from Tuesday, September 15, 2026 to Tuesday, September 22, 2026 (both days inclusive).
2. Only those members whose names appear in the register of members of the Company as on Monday, September 14, 2026 are entitled to attend and vote at the meeting.
3. Members are requested to immediately notify any changes in their addresses.

**For appointing proxies:**

i) A member entitled to attend, speak and vote may appoint any other person as his / her proxy to attend, speak and vote on his / her behalf. Proxies must be received at the Registered Office of the Company duly signed not later than 48 hours before the time of holding the meeting.

ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners shall be furnished with the proxy form.

iv) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

v) Proxies attending meeting on behalf of members are also required to provide below information in case they will be attending the meeting through video link. Video link details and login credentials will be shared with proxy after verification.

**Required Information:**

Name of Proxy, CNIC Number, Folio / CDC Account No. of Member, active Mobile Phone Number and Email address of proxy.

**Transmission of Annual Audited Financial Statements:**

The Company has circulated annual audited financial statements to its members through email at provided registered email addresses. However, printed copy of the above referred statements will be provided to the members upon their request. Request Form is available on the website of the Company i.e. www.attockcement.com.

Further to above, in accordance with Section 223(6) of the Companies Act, 2017 read with S.R.O.389(I)/2023 dated March 21, 2023 and S.R.O.787(I)/2014 dated September 08, 2014, the above referred statements have also been uploaded on the website of the Company which can be downloaded by using following web link and QR enabled code:

**https://attockcement.com/wp-content/uploads/ACPL-Annual-Report-2026.pdf**

**Availability of Audited Financial Statements on Company's Website:**

The audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2026 have been made available on the Company's website www.attockcement.com, in addition to annual and quarterly financial statements for the prior years.

**Consent for Video Conference Facility:**

In accordance with Section 132(2) of the Act, if the company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding, residing in a geographical location to participate in the meeting through video conference, at least 7 days prior to the date of Annual General Meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility a request is to be submitted to the Company Secretary on given address:

The Company Secretary,
Attock Cement Pakistan Limited,
D-70, Block-4, Kehkashan-5, Clifton, Karachi.

**Polling On Special Business:**

The members are hereby notified that pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 (the "Regulations"), as amended through SRO 2192(I)/2022 dated December 05, 2022, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP"), the SECP has directed all the listed companies to provide the right to vote through electronic voting facility and voting by post to the members on all businesses classified as special business.

Accordingly, members of the Company will be allowed to exercise their right to vote through electronic voting facility or voting by post for the special business in its forthcoming AGM to be held on September 22, 2026 at 11:00 hours at Karachi, in accordance with the requirements and subject to the conditions contained in the aforesaid Regulations.

For the convenience of the Members, ballot paper is also available on the Company's website at www.attockcement.com for the download.

**A. Procedure for E-Voting:**

i. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company before the close of business on September 14, 2026.

ii. The web address, login details, and password, will be communicated to the members via email. The security codes will be communicated to the members through SMS accordingly.

iii. Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

iv. E-Voting lines will start from September 15, 2026 at 5:00 p.m. and shall close on September 21, 2026 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time during this period. Once the vote on a resolution is casted by a Member, he / she shall not be allowed to change it subsequently.

**B. Procedure for Voting through Postal Ballot:**

The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with copy of Computerized National Identity Card (CNIC), should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered address at D-70, Block-4, Kehkashan-5, Clifton, Karachi, not later than one day before the AGM i.e. September 21, 2026, during working hours. The signature on the ballot paper shall match the signature on CNIC.

**Unclaimed Dividend and Undelivered Share Certificates:**

The Company has previously discharged its responsibility under Section 244 of the Companies Act, 2017 whereby the Company approached its shareholders to claim their unclaimed dividends and undelivered share certificates in accordance with the law.

Therefore, the shareholders, whose dividends still remain unclaimed and / or undelivered share certificates are available with the Company (if any), are hereby once again requested to approach the Company to claim their outstanding dividend amounts and / or undelivered share certificates.

**Deposit of Physical Shares Into Central Depository Company (CDC):**

As per Section 72 of the Act, every existing listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act i.e. May 30, 2017. Further, SECP vide its letter dated March 26, 2021 has advised to comply with section 72 of the Act and encouraged the shareholders to convert their physical shares into book-entry form.

In light of above, shareholders holding physical share certificates are encouraged to deposit their shares in Central Depository Company (CDC) by opening CDC sub-accounts with any of the broker or Investor Accounts maintained directly with CDC to convert their physical shares into scrip-less form. This will facilitate the shareholders to streamline their information in members' register enabling the Company to effectively communicate with the shareholders and timely disburse any entitlements. Further, shares held shall remain secure and maintaining shares in scrip-less form allows for swift sale / purchase.

**Compliance with SECP Guidelines Regarding Gift Distribution:**

In compliance with SECP Circular no. 2 of 2018 (dated: February 09, 2018) and pursuant to SRO 452 (I) / 2025 (dated: March 17, 2025), the company affirms that NO gifts will be distributed to stakeholders at or in connection with the Annual General Meeting.

**Statement of Material Facts Under Section 134(3) of the Companies Act, 2017**

**Agenda Item No. 3 – Alteration of Memorandum of Association and Change of Registered Office**

The Board of Directors of the Company, in its 167th meeting held on August 11, 2026, resolved to propose the change of the registered office of the Company from D-70, Block-4, Kehkashan-5, Clifton, Karachi, Sindh to Fauji Towers, Tipu Road, Rawalpindi, Punjab, subject to approval of the members by way of a special resolution and completion of the applicable statutory requirements.

The proposed change of the registered office is intended to ensure greater administrative alignment and operational convenience for the Company. The change of registered office will not affect the principal business activities or operations of the Company and is not expected to have any adverse effect on the financial position, business operations or interests of the Company or its shareholders.

The Company has 137,426,961 issued shares held by 3,802 shareholders. The geographical dispersion of the Company's shareholders is as follows:

| Location | No. of Shareholders | Percentage |
|---|---|---|
| Azad Kashmir | 42 | 1.10% |
| Balochistan | 32 | 0.84% |
| Gilgit-baltistan | 4 | 0.11% |
| Islamabad | 237 | 6.23% |
| Khyber Pakhtunkhwa | 145 | 3.81% |
| Punjab | 1296 | 34.12% |
| Sindh | 1874 | 49.26% |
| Non-resident | 172 | 4.52% |
| **Grand Total** | **3802** | **100.00%** |

The geographical distribution of shareholders who attended each of the last three Annual General Meetings was as follows:

| Location | 2025 | 2024 | 2023 |
|---|---|---|---|
| | No. of Shareholders attended AGM | | |
| Islamabad | 3 | 2 | 2 |
| Punjab | 2 | - | 1 |
| Sindh | 21 | 70 | 15 |
| Non-Resident | 4 | 4 | 3 |
| **Total no. shareholders** | **30** | **76** | **21** |

The proposed change of registered office is not expected to adversely affect the rights or interests of the Company's shareholders. The Company will continue to communicate with its shareholders and discharge its statutory obligations in accordance with the applicable laws and regulatory requirements.

The proposed change is expected to provide administrative and operational convenience to the Company. The Company does not anticipate any material additional cost arising from the change of registered office, while the administrative and operational convenience expected from the proposed relocation is considered to outweigh any incidental costs associated with the change.

None of the Directors of the Company has any direct or indirect interest in the proposed change of registered office.

The proposed change of registered office from the Province of Sindh to the Province of Punjab is subject to approval of the members by way of a special resolution and completion of such other approvals, confirmations and statutory filings as may be required under the Companies Act, 2017 and applicable regulatory requirements.

50cmx4col.

# ATTOCK CEMENT PAKISTAN LIMITED

FALCON CEMENT

D-70, Block - 4, Kehkashan - 5, Clifton, Karachi - 75600 Ph: (021) 35309773, 35309774 Fax: 35309775

## سینتالیسویں سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس

بذریعہ ہذٰا اعلان کیا جاتا ہے کہ اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ (" کمپنی ") کا سینتالیسواں سالانہ اجلاسِ عام بروز منگل، 22 ستمبر 2026 کو صبح 11:00 بجے میریٹ ہوٹل کراچی میں منعقد ہوگا جس میں ویڈیو لنک کے ذریعے بھی شرکت کی جا سکے گی، اجلاس میں درج ذیل امور زیرِ غور لائے جائیں گے:

### عمومی کاروباری امور

1- کمپنی کے 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ حسابات، نیز ان کے ساتھ پیش کی گئی آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس وصول کرنے، غور کرنے اور منظور کرنے کے لیے پیش کیے جائیں گے۔

2- مالی سال 27-2026 کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کیا جائے گا۔

### خصوصی کاروباری امور

3. کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں ترمیم اور اس کے رجسٹرڈ دفتر کو صوبہ سندھ سے صوبہ پنجاب منتقل کرنے کے لیے، ذیل میں پیش کی گئی قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر، ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے، زیرِ غور لانا اور منظور کرنا:

**اقتباس شروع** "یہ قرار دیا جاتا ہے کہ قابلِ اطلاق قانونی تقاضے مکمل ہونے اور تمام مطلوبہ منظوریوں اور تصدیقات کے حصول سے مشروط، کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر صوبہ سندھ سے صوبہ پنجاب منتقل کیا جائے اور کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی متعلقہ شق میں درج ذیل ترمیم کی جائے:

"II. کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر صوبہ پنجاب میں واقع ہوگا۔"

**مزید یہ قرار دیا جاتا ہے** کہ قابلِ اطلاق قانونی تقاضے مکمل ہونے کے بعد کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر D-70، بلاک-4، کہکشاں-5، کلفٹن، کراچی، سندھ سے منتقل کر کے فوجی ٹاورز، 68 ٹیپو روڈ، راولپنڈی، پنجاب میں قائم کیا جائے۔

**مزید یہ قرار دیا جاتا ہے** کہ جناب عمر اشرف، چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا جناب عرفان امان اللہ، کمپنی سیکریٹری، مشترکہ طور پر اور/ یا علیحدہ علیحدہ، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) اور/ یا کسی دیگر متعلقہ اتھارٹی کے پاس تمام مطلوبہ درخواستیں، فارم اور دیگر دستاویزات جمع کرانے، اور اس قرارداد پر عمل درآمد کے لیے ضروری یا متعلقہ تمام اقدامات، کارروائیاں اور امور انجام دینے کے مجاز ہوں گے۔" **اقتباس ختم**

### دیگر امور

4. چیئرمین کی اجازت سے کوئی دیگر کاروباری امور سے متعلق کارروائی۔

مذکورہ بالا خصوصی کاروباری معاملے سے متعلق اہم حقائق کا بیان، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 134 اور 2018 / (I)423 .S.R.O مورخہ 3 اپریل 2018 کے تحت مطلوب ہے، اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ

عرفان امان اللہ
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 01 ستمبر، 2026

### سالانہ اجلاسِ عام میں الیکٹرانک ذرائع سے شرکت:

وہ شیئر ہولڈرز جو ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات حاصل کرنے کے لیے درج ذیل معلومات کمپنی سیکریٹری کے دفتر کو (ذیل میں دیے گئے ذرائع سے) جلد از جلد لیکن سالانہ اجلاسِ عام کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے یعنی اتوار، 20 ستمبر 2026 کو صبح 11:00 بجے سے پہلے فراہم کریں۔

### مطلوبہ معلومات:

شیئر ہولڈر کا نام، CNIC نمبر، فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ نمبر، اور بروقت رابطے کے لیے فعال موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس

### رابطے کے ذرائع:

a) موبائل/ واٹس ایپ: 0308-0972181

b) ای میل: 47agm@attockcement.com

### نوٹس

1- کمپنی کا رجسٹر آف ممبرز اور شیئر ٹرانسفر بکس بروز منگل، 15 ستمبر 2026 سے منگل، 22 ستمبر 2026 تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گے۔

2- صرف وہ ممبران جن کے نام پیر، 14 ستمبر 2026 کو کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے، اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے حق دار ہوں گے۔

3- ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کو فوری طور پر مطلع کریں۔

### پراکسی مقرر کرنے کے لیے

i) اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو پراکسی مقرر کر سکتا ہے، جو اس کی جانب سے اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دے سکے۔ پراکسی فارم اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں دستخط شدہ حالت میں پہنچ جانا چاہیے۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی بطور گواہ تصدیق ضروری ہے، اور فارم پر ان کے نام، پتے اور CNIC نمبرز درج ہونے چاہئیں۔

iii) حقیقی مستفید ہونے والے مالکان (Beneficial Owners) کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ضروری ہے۔

iv) کسی کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، مع نمونہ دستخط، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا ہوگا، بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو۔

v) ممبران کی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے والے پراکسی حضرات، اگر ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کریں گے، تو انہیں بھی درج ذیل معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ تصدیق کے بعد پراکسی کو ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات فراہم کی جائیں گی۔

### مطلوبہ معلومات:

پراکسی کا نام، CNIC نمبر، ممبر کا فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ نمبر، پراکسی کا فعال موبائل فون نمبر اور پراکسی کا ای میل ایڈریس

### سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی ترسیل

کمپنی نے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اپنے اراکین کو ان کے فراہم کردہ رجسٹرڈ ای میل پتوں پر ای میل کے ذریعے ارسال کر دیے ہیں۔ تاہم، مذکورہ مالیاتی حسابات کی طباعت شدہ نقل اراکین کی درخواست پر فراہم کی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.attockcement.com پر دستیاب ہے۔

مزید برآں، کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (6) 223 کو 2023 (I)389 S.R.O مورخہ 21 مارچ 2023 اور 2014(1)787 S.R.O، مورخہ 8 ستمبر 2014 کے ساتھ ملا کر پڑھنے کے مطابق، مذکورہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں، جہاں سے انہیں درج ذیل ویب لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

https://attockcement.com/
wp-content/uploads/
ACPL-Annual-Report-2026.pdf

### کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی دستیابی

30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.attockcement.com پر دستیاب کر دیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ گزشتہ برسوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالیاتی حسابات بھی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

### ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (2) 132 کے مطابق، اگر کمپنی کو ایسے اراکین سے، جو مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھتے ہوں اور کسی مخصوص جغرافیائی علاقے میں مقیم ہوں، سالانہ اجلاسِ عام میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنے کی رضامندی موصول ہو جائے، اور یہ درخواست سالانہ اجلاسِ کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے موصول ہو، تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرنے کا انتظام کرے گی، بشرطیکہ وہاں یہ سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے درخواست درج ذیل پتے پر کمپنی سیکریٹری کو بھیجی جائے:

کمپنی سیکریٹری
اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ،
D-70، بلاک-4، کہکشاں-5، کلفٹن، کراچی

### خصوصی کاروباری امور پر ووٹنگ

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ("ریگولیشنز")، جس میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ SRO 2192(I)/2022 مورخہ 5 دسمبر 2022 کے ذریعے ترمیم کی گئی ہے، کے تحت سیکورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ خصوصی کاروباری امور کے طور پر درجہ بند تمام معاملات پر ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق فراہم کیا جائے۔

چنانچہ کمپنی کے ممبران کو ہونے والے سالانہ اجلاسِ عام جو 22 ستمبر 2026 کو صبح 11:00 بجے کراچی میں منعقد ہوگا، میں خصوصی کاروباری امور کے حوالے سے الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق حاصل ہوگا۔ یہ ووٹنگ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج تقاضوں اور شرائط کے مطابق ہوگی۔

ممبران کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.attockcement.com پر بھی ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

#### A. ای ووٹنگ کا طریقہء کار

i- ای ووٹنگ کی سہولت سے متعلق تفصیلات ان ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں 14 ستمبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک درج ہوں گے۔

ii- ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے، جبکہ سیکیورٹی کوڈ ممبران کو SMS کے ذریعے بھیجے جائیں گے۔

iii- ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے والے ممبران کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کے لیے تصدیقی عمل کے ذریعے کی جائے گی۔

iv- ای ووٹنگ 15 ستمبر 2026 کو شام 05:00 بجے شروع ہوگی اور 21 ستمبر 2026 کو شام 05:00 بجے اختتام پذیر ہوگی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ کسی قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد ممبر کو بعد میں اپنا ووٹ تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

#### B. پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہء کار

ممبران اس امر کو یقینی بنائیں کہ مکمل طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کے ساتھ، اجلاس کے چیئرمین تک بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے، D-70، بلاک-4، کہکشاں-5، کلفٹن، کراچی پر سالانہ اجلاسِ عام سے کم از کم ایک دن قبل، یعنی 21 ستمبر 2026 کو، دفتری اوقات کے دوران پہنچ جائے۔ بیلٹ پیپر پر کیے گئے دستخط CNIC پر موجود دستخط سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔

### غیر دعویٰ شدہ منافع اور ناقابلِ ترسیل شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنی نے پہلے ہی کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 244 کے تحت اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے اپنے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کیا تھا تاکہ وہ قانون کے مطابق اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع اور ناقابلِ ترسیل شیئر سرٹیفکیٹس وصول کر سکیں۔

لہٰذا جن شیئر ہولڈرز کے منافع کی رقم اب بھی غیر دعویٰ شدہ ہے اور/ یا جن کے شیئر سرٹیفکیٹس (اگر کوئی ہیں) کمپنی کے پاس ناقابلِ ترسیل حالت میں موجود ہیں، ان سے پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی سے رابطہ کر کے اپنی بقایا منافع کی رقم اور/ یا ناقابلِ ترسیل شیئر سرٹیفکیٹس وصول کر لیں۔

### فزیکل شیئرز کو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) میں جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرے، جس طریقے اور تاریخ کا تعین کمیشن کرے گا۔ یہ عمل ایکٹ کے نفاذ، یعنی 30 مئی 2017 سے زیادہ سے زیادہ چار سال کی مدت کے اندر مکمل کیا جانا تھا۔ مزید برآں، SECP نے اپنے 26 مارچ 2021 کے خط کے ذریعے دفعہ 72 پر عمل درآمد کرنے کی ہدایت کی اور شیئر ہولڈرز کو اپنے فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ترغیب دی۔

مندرجہ بالا ترغیب کے پیشِ نظر، وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس کمپنی کے فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس موجود ہیں، انہیں مزید ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) میں جمع کروائیں۔ اس مقصد کے لیے وہ کسی بھی بروکر کے ذریعے CDC میں سب اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں یا براہِ راست CDC میں انویسٹر اکاؤنٹ قائم کر سکتے ہیں، تاکہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس (Scripless) یعنی بغیر کاغذ کے شیئرز کی شکل میں تبدیل کیا جا سکے۔ اس عمل سے شیئر ہولڈرز کی معلومات کو ممبران کے رجسٹر میں منظم اور درست رکھنے میں سہولت ہوگی، جس کے نتیجے میں کمپنی شیئر ہولڈرز سے مؤثر انداز میں رابطہ کر سکے گی اور انہیں ان کے واجب الادا حقوق و مراعات بروقت فراہم کر سکے گی۔ مزید یہ کہ اس طرح رکھے گئے شیئرز محفوظ رہیں گے، جبکہ اسکرپ لیس (Scripless) شکل میں یعنی بغیر کاغذ کے شیئرز کی صورت میں شیئرز رکھنے سے ان کی خرید و فروخت بھی زیادہ تیزی اور آسانی سے ممکن ہوگی۔

### تحائف کی تقسیم سے متعلق SECP کی ہدایات کی تعمیل

SECP کے سرکلر نمبر 2، 2018 (مورخہ 9 فروری 2018) اور S.R.O 452(1)/2025 (مورخہ 17 مارچ 2025) کی تعمیل میں کمپنی اس امر کی تصدیق کرتی ہے کہ سالانہ اجلاسِ عام میں یا اس کے سلسلے میں شیئر ہولڈرز یا دیگر متعلقہ افراد میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

### کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت اہم حقائق کا بیان

#### ایجنڈا آئٹم نمبر-3 میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں ترمیم اور رجسٹرڈ دفتر کی تبدیلی

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 11 اگست 2026 کو منعقدہ اپنے 167 ویں اجلاس میں یہ فیصلہ کیا کہ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر D-70، بلاک-4، کہکشاں-5، کلفٹن، کراچی، سندھ سے فوجی ٹاورز، ٹیپو روڈ، راولپنڈی، پنجاب منتقل کرنے کی تجویز پیش کی جائے، بشرطیکہ ممبران اس کی خصوصی قرارداد کے ذریعے منظوری دیں اور تمام قابلِ اطلاق قانونی تقاضے مکمل کیے جائیں۔

رجسٹرڈ دفتر کی مجوزہ تبدیلی کا مقصد کمپنی کے لیے زیادہ مؤثر انتظامی ہم آہنگی اور عملی سہولت کو یقینی بنانا ہے۔ رجسٹرڈ دفتر کی تبدیلی سے کمپنی کی بنیادی کاروباری سرگرمیوں یا آپریشنز پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور توقع ہے کہ اس کا کمپنی یا اس کے شیئر ہولڈرز کی مالی پوزیشن، کاروباری سرگرمیوں یا مفادات پر کوئی منفی اثر نہیں ہوگا۔

کمپنی کے 137,426,961 جاری کردہ شیئرز ہیں، جو 3,802 شیئر ہولڈرز کے پاس ہیں۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی جغرافیائی تقسیم درج ذیل ہے:

| صوبہ/علاقہ | شیئر ہولڈرز کی تعداد | فیصد |
|---|---|---|
| آزاد کشمیر | 42 | 1.10% |
| بلوچستان | 32 | 0.84% |
| گلگت بلتستان | 4 | 0.11% |
| اسلام آباد | 237 | 6.23% |
| خیبر پختونخوا | 145 | 3.81% |
| پنجاب | 1296 | 34.12% |
| سندھ | 1874 | 49.26% |
| غیر مقیم | 172 | 4.52% |
| **مجموعی تعداد** | **3802** | **100.00%** |

گزشتہ تین (3)، سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز کی جغرافیائی تقسیم درج ذیل رہی:

| علاقہ | سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز کی تعداد | | |
|---|---|---|---|
| | 2025 | 2024 | 2023 |
| اسلام آباد | 3 | 2 | 2 |
| پنجاب | 2 | - | 1 |
| سندھ | 21 | 70 | 15 |
| غیر مقیم | 4 | 4 | 3 |
| **مجموعی تعداد** | **30** | **76** | **21** |

رجسٹرڈ دفتر کی مجوزہ تبدیلی سے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے حقوق یا مفادات پر کوئی منفی اثر متوقع نہیں ہے۔ کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز سے رابطہ برقرار رکھے گی اور قابلِ اطلاق قوانین اور ضابطہ جاتی تقاضوں کے مطابق اپنی تمام قانونی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی۔

مجوزہ تبدیلی سے کمپنی کے لیے انتظامی اور عملی سہولت پیدا ہونے کی توقع ہے۔ کمپنی کو رجسٹرڈ دفتر کی تبدیلی کے نتیجے میں کسی بڑے اضافی اخراجات کی توقع نہیں ہے، جبکہ مجوزہ منتقلی سے حاصل ہونے والی انتظامی اور عملی سہولت کو اس تبدیلی سے وابستہ ضمنی اخراجات کے مقابلے میں زیادہ اہم سمجھا جاتا ہے۔

کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا رجسٹرڈ دفتر کی مجوزہ تبدیلی میں براہِ راست یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے۔

رجسٹرڈ دفتر کو صوبہ سندھ سے صوبہ پنجاب منتقل کرنے کی مجوزہ تبدیلی کمپنی کے ممبران کی خصوصی قرارداد کے ذریعے منظوری اور کمپنیز ایکٹ، 2017 اور قابلِ اطلاق ضابطہ جاتی تقاضوں کے تحت مطلوبہ دیگر منظوریوں، تصدیقات اور قانونی دستاویزات جمع کرانے کے عمل کی تکمیل سے مشروط ہے۔

▲

50cmx4col.